SGD-1-24

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

0924 (جماعت نہم)

اردو (لازمی) (انشائیہ) (پہلا گروپ) سیکنڈری پارٹ I (سیشن 2020-22 to 2023-25)

وقت: 2.10 گھنٹے حصہ ---------- اول کل نمبر 60

---(حصہ نظم)--- 10

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری x گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا x مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

(iii) کیا کیا رکھے ہے یا رب، سامان تیری قدرت x بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو x نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

--- (حصہ غزل)---

(v) ہستی اپنی حباب کی سی ہے x یہ نمائش سراب کی سی ہے

(vi) میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں x کاش پُوچھو کہ مدّعا کیا ہے

(vii) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی x پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کُنجِ مزار میں

حصہ ---------- دوم

3۔ درج ذیل پیراگراف کی تشریح کریں۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجئے۔ 10

(الف) ایک دن دیوان فضل اللہ مرحوم چُرٹ میں سوار مرزا صاحب کے مکان کے پاس سے بغیر ملے نکل گئے۔ مرزا کو معلوم ہوا تو انھوں نے ایک رقعہ دیوان جی کو لکھا۔ مضمون یہ کہ آج مجھ کو اس قدر ندامت ہوئی ہے کہ شرم کے مارے زمین میں گڑا جاتا ہوں۔ اس سے زیادہ کیا نالائقی ہوسکتی ہے کہ آپ کبھی نہ کبھی تو اس طرف سے گزریں اور میں سلام کو حاضر نہ ہوں۔

(ب) آپ ابھی تک اِسے ایک مذاق سمجھ رہے ہیں حالانکہ مَیں بالکل نارمل ہوں۔ ابھی تک آپ تصویر کا ایک ہی رُخ دیکھ رہے ہیں اور اب اس کا دوسرا رُخ دیکھیے جو اتنا بھیانک اور اتنا خوفناک ہے کہ آپ کے تصورات کا شیش محل ابھی زمیں بوس ہو جائے گا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ 10

(i) حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کون تھیں؟ اور اسلام کی خاطر کون سی خاص خدمت سرانجام دیا کرتی تھیں؟

(ii) ''ایں خانہ ہمہ آفتاب است'' کا کیا مطلب ہے؟ یہ مصرع کس نے پڑھا؟

(iii) سلیم کا دل کھیل کی باتوں سے کیوں کھٹا ہو گیا؟

(iv) پنچ کے لیے پہلا نام جمن کا سنا تو الگو کی کیا کیفیت تھی؟

(v) روز مرہ کے اُلّو کو کیا کہتے ہیں اور وہ کون سا وظیفہ پڑھتا ہے؟

(vi) گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

(vii) جیبِ گل کس چیز سے خالی ہے؟

(viii) شاعر نے اپنی کشتِ سخن کے بارے میں کیا کہا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (i) شاعروں کے لطیفے (ii) قدر ایاز 05

6۔ نصاب میں شامل نظم ''نعت'' کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ 05

7۔ نقل سکونت کی وجہ سے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کی درخواست لکھیے۔ 10

------- یا ------- سکول میں امتحانی نتیجہ کی روداد پر مبنی اپنے والدِ گرامی کے نام خط لکھیے۔

8۔ ''اتفاق میں برکت'' کے عنوان پر کہانی لکھیے ----- یا ----- دو ہم جماعت طلبہ کے درمیان ہونے والی گفتگو ایک مکالمہ کی صورت میں تحریر کیجئے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ 05

(i) عزیز نے پھول توڑا (ii) ہاتھوں کے طوطے چلانا (iii) اکرام نے بچہ کو اس کی ماں کو دے دیا

(iv) یاسمین نے کیلے کھایا (v) فوج نے حملہ کیے

---------- یا ---------- ضرب الامثال کی تکمیل کریں۔

(i) پاک رہو _____ (ii) بوڑھی گھوڑی _____ (iii) باسی کڑھی میں _____

(iv) چور کی داڑھی _____ (v) گڑ سے جو مرے _____

910 - 0924 - 70000

www.ilmkidunya.com